# کروناوائرس ویکسین کی تازہ ترین صورتحال

| ویکسین کی کُل لگائی جانے والی تعداد | سنگل ڈوز | ڈبل ڈوز |
|---|---|---|
| 37,424,706 | 29,789,315 | 7,635,391 |
| گزشتہ 24 گھنٹے: 1,096,550 | گزشتہ 24 گھنٹے: 903,331 | گزشتہ 24 گھنٹے: 193,219 |

## حقیقت اور افواہ




حالیہ دنوں میں عوامی مقامات پر نصب الکوحل زدہ سینٹائزرز استعمال کرنے کے حوالے سے شہریوں میں تحفظات سامنے آئے ہیں ۔ عالمی ادارہ صحت نے واضح کیا ہے کہ کمیونل الکوحل زدہ سینیٹائزرز استعمال کے لیے بالکل محفوظ ہیں ۔ سینٹر فار ڈیزیز کنٹرول اینڈ پریوینشن نے سفارش کی ہے کہ صارفین صرف ایسے سینیٹائزرز استعمال کریں جن میں کم ازکم 60 فیصد الکوحل پائی گئی ہو۔ تاکہ ہمارے ہاتھوں پر موجود جراثیم فوراًمر جائیں اور ہمارے ہاتھ اچھی طرح صاف ہوں ۔یہ بات یاد رکھیں کہ کمیونل بیسڈ الکوحل سینیٹائزر استعمال کرنا اس بات سے کہیں بہتر ہے کہ ہاتھوں کو بالکل بھی سینیٹائزر نہ لگایا جائے۔

ذریعہ عالمی ادارہ صحت

ہر عمر کے افراد کووِڈ۔19 سے متاثر ہوسکتے ہیں ۔ تاہم اگر کسی فرد کو پہلے سے طبی مسائل مثلاً دمہ، دل اور ذیابیطس کے امراض لاحق ہوں تو انہیں کووڈ۔19 کی پیچیدگیوں کا خطرہ بڑھ جاتا ہے ۔
یہ مفروضہ کہ چھوٹے بچوں میں کووڈ۔19 کی مدافعت موجود ہے محض افواہ ہے اور بچوں کے اس مرض سے متاثر ہونے کے کافی امکانات موجود ہیں ۔ بچے کی ابتدائی نشوونما کے لیے دماغ کی صحت مند نشوونما ہونا ضروری ہے۔ درحقیقت ، کووڈ۔19 اور اس کے نتیجے میں لگنے والی سماجی پابندیاں بچوں کی سیکھنے، روابط بڑھانے اور نشوونما کی صلاحیتوں کو متاثر کر سکتی ہیں ۔ نوعمر اور اور نوجوان افراد کے ساتھ بھی یہی معاملہ درپیش ہے۔ سماجی پابندیاں انہیں ایک صحت مند زندگی گزارنے اور روزگار کمانے کے لیے درکار صلاحیتوں سے محروم کر رہی ہیں ۔ اس لیے یہ رائے قائم کرنا قطعی طور پر غلط ہے کہ اس عمر کے افراد کو وِڈ۔19 سے محفوظ ہیں ۔

ذریعہ عالمی ادارہ صحت


The Asia Foundation
محکمہ صحت، خیبر پختونخوا
accountabilitylab PAKISTAN
یورپیئن یونئین کے معالی تعاون سے



اس اشاعتی مواد کو یورپیئن یونئین کے مالی تعاون سے ممکن بنایا گیا ہے۔ تاہم، اس کے مندرجات کی ذمہ داری مکمل طور پر اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان کے سر ہے، اور ضروری نہیں کہ یورپیئن یونئین اس میں پیش کئے گئے خیالات سے متفق ہو۔

## سعودی عرب نے گرین لسٹ میں موجود ممالک کے شہریوں کو عمرہ ادا کرنے کی اجازت دے دی

سعودی حکام نے تقریباً 20 ہزار زائرین کو مملکت میں داخلے اور عمرہ ادا کرنے کی اجازت دے دی ہے۔صرف ایسے ممالک کے زائرین کو عمرہ کرنے کی اجازت ہوگی جو سعودی عرب کی سفری پابندیوں والی فہرست میں شامل نہیں ہوں گے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ پاکستانی زائرین اس سال عمرہ ادا نہیں کر سکیں گے کیوں کہ سعودی عرب نے پاکستانی شہریوں پر سفر کرنے پر پابندی لگائی ہوئی ہے۔ ریڈ لسٹ میں موجود دیگر ممالک میں ارجنٹائن ، افغانستان ، برازیل، مصر، ایتھوپیا، ترکی، بھارت، انڈونیشیا، لبنان، یونائیٹڈ عرب امارات اور ویتنام شامل ہیں۔

ذریعہ۔ دی گلف ٹاک


## سندھ حکومت نے کراچی میں 11ماس ویکسینیشن سینٹرز کوہفتے کے ساتوں دن 24 گھنٹے کام کرنے حکم دے دیا

کراچی میں 11کووڈ۔19 ویکسینیشن مراکز کو ماس ویکسین مراکز کا درجہ دے دیا گیا ہے۔ محکمہ صحت سندھ کی طرف سے یہ اعلان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ایکسپو سینٹر اور خالق دینا ہال کے مراکز میں عوام کی بہت بڑی تعد اد پہنچ گئی اور بھگدڑ کا باعث بنی۔ ایسے رش سے سماجی فاصلہ برقرار رکھنے اور کووڈ۔19 کی منتقلی کا مقصد فوت ہو جاتا ہے۔

یہ ماس ویکسینیشن سینٹر ز کراچی کے 6 اضلاع میں پھیلے ہوئے ہیں ۔ ان اضلاع میں ضلع شرقی، ضلع غربی، ضلع وسطی، ضلع جنوبی ضلع کورنگی اور ضلع ملیر شامل ہیں ۔ ماس ویکسینیشن سینٹر قرار دیئے جانے والے اسپتالوں کی فہرست درجِ ذیل لنک پر جاکر دیکھے جا سکتے ہیں ۔
https://www.brecorder.com/news/40110508

ذریعہ۔ بزنس ریکارڈر

## کرونا وائرس ویکسین کے اب تک سامنے آنے والے سائیڈ ایفیکٹس




ذریعہ۔ حکومتِ پاکستان

یورپیئن یونئین کے معالی تعاون سے

accountabilitylab PAKISTAN

محکمہ صحت، خیبر پختونخوا

The Asia Foundation

اس اشاعتی مواد کو یورپئین یونئین کے مالی تعاون سے ممکن بنایا گیا ہے۔ تاہم، اس کے مندرجات کی ذمہ داری مکمل طور پر اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان کے سر ہے، اور ضروری نہیں کہ یورپیئن یونئین اس میں پیش کئے گئے خیالات سے متفق ہو۔

